
PS+YOU

چانسلر Melissa Aviles-Ramos کی جانب سے

NYC Public Schools






**علم وفہم کی جستجو کا جذبہ پیدا کرنا**

عزیز اہل خانہ اور رفقائے کار،

پیر کے دن، ہمارے تیسرے سالانہ اسکولوں کی صورتِ حال (State of Our Schools) خطاب کے موقع پر، ہم نے چیزوں کو کچھ مختلف انداز میں سرانجام دیا۔

پہلے ، ہم نے ایک panel discussion onstage (اسٹیج پر پینل گفتگو) منعقد کی، تاکہ ہم اپنے طلباء، عملے اور اہل خانہ کو براہ راست سن سکیں۔ چیف آف اسٹاف Kenita Lloyd نے اس بات چیت کی میزبانی کی، جس میں این وا سی سولوز سے لیکر اہل خانہ کی خود مختاری کے موضوعات تک کا احاطہ کیا گیا۔ جب میں پینلسٹ (panelist) کی جانب سے دیے گئے جوابات کو سن رہی تھی، میں نے نیو یارک کے رہائشی—طلباء، اہل خانہ، عملے اور کمیونٹی کے ارکان اور دیگر افراد کے ساتھ کمرے میں موجود ہونے پر بہت شکر ادا کیا،—جن کی جانفشانی اور انتھک محنت ہمارے روزانہ کے کام کو تحریک دیتی ہے۔

اس کے بعد میں نے خطاب کیا، جو ایک ہی نکتے پر مرکوز تھا: ایک جذبہ پیدا کرنا۔ میں نے ان طریقوں کے بارے میں بات کی جن کے ذریعے ہم اپنے طلباء میں ایسی علم وفہم کی جستجو کے جذبے کو ابھارتے ہیں، جس میں کڑی تعلیم پر زور دیا جائے اور NYC ریڈز، این وائی سی سولوز، اور اسٹوڈنٹ پاتھ ویز کے ذریعے گہری تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ میں نے بتایا کہ کس طرح ہمارا جدید ترین ترجیحی اقدام، NYCPS کیئرز رابطے اور نگہداشت کے ذریعے جوش وجذبہ پیدا کر رہا ہے۔

مجھے کئی اعلانات کرتے ہوئے بھی بہت خوشی ہوئی، جس میں انگریزی زبان کے متعلمین کی معاونت کے لیے 80 اسکولوں کا پائلٹ پروگرام نئے این وائی سی ریڈز نصاب کے ساتھ: ایک چار حصوں پر مشتمل فریم ورک جو AI کے لیے ہماری

کاوشوں میں رہنمائی کرے گا؛ اور ہمارے NYCPS کیئر کی افتتاحی تقریب میں 119 اسکولوں میں صدمے سے متعلق باعلم دیکھ بھال کی تربیت میں اضافہ کرنے کے اعلانات شامل ہیں۔

اور آخر میں، ایک اور پہل کے طور پر، ہم نے ایک نیو یارک شہر پبلک اسکولز احتسابی ٹُول شائع کیا،— جو ہماری پیش رفت کے بارے میں شفافیت اور واضح رابطہ کاری کو یقینی بنانے کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ میں آپ کی اس ٹول پر توجہ دینے اور وقتاً فوقتاً نگرانی کرنے کی حوصلہ افزائی کروں گی کیونکہ ہم تعلیمی سال کے دوران اعداد وشمار میں تجدید کرتے رہیں گے۔

پیر کی تقریب منفرد اور پُرجوش تھی۔ مجھے اس پر انتہائی فخر ہے کہ ہم کتنے آگے آ چکے ہیں، لیکن ساتھ ہی مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ ابھی بہت سا کام کرنا باقی ہے۔ جیسے کہ میں نے اپنی تقریر کے اختتام پر کہا، ایک جذبہ ایک آغاز کی نمائندگی کرتا ہے—اور NYCPS میں ہم نے ابھی ابتدا کی ہے۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر

**چانسلر کا مرکز توجہ (اسپاٹ لائٹ):**
Cindy Flores، جنہوں نے ہمارے اسکولوں کی صورت حال کے پینل میں بات چیت میں حصہ لیا تھا، برونکس میں Institute for Environment Learning گریڈ آٹھ کی ریاضی کی ٹیچر ہیں۔ انہیں ریاضی سے اس وقت لگاؤ پیدا ہوا جب وہ خود مڈل اسکول PS 89 میں ایک طالبہ تھیں—اور اب انہیں پڑھاتے ہوئے تیرہ (13) سال ہو گئے ہیں۔ اس پینل کے دوران، Ms. Flores نے ان کے کلاس روم میں این وائی سی سولوز کے مثبت اثرات مرتب ہونے کے بارے میں بات کی، اور یہی بات ان کے طلباء Avril اور Derek نے بھی کی۔ انہوں نے ان (طلباء) کے بارے میں کہا کہ یہ "ابھرتے ہوئے ہونہار ریاضی دان ہیں"۔ "ان سے مجھے اپنے کام کو جاری رکھنے میں تقویت ملتی ہے"۔

چانسلر کے اسپاٹ لائٹ کے لیے کسی فرد یا پروگرام کو یہاں نامزد کریں۔

**ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:**



ترجمے کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یوٹیوب صفحے پر جائیں۔

آئیکان پر کلک کریں اور "Settings" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "CC" :ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز (تک رسائی کے لیے منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں۔ "Subtitles/CC"

**NYCPS خبریں اور وسائل:**

- اکتوبر میں اہم تاریخوں اور تقریبات کے لیے The Morning Bell کا جائزہ لیں۔
- خبروں اور وسائل کے لیے، NYCPS کو آن لائن فیس بُک، انسٹاگرام، X، اور یوٹیوب پر فالو کریں۔
- یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ آپ میئر کے دفتر سے براہ راست تازہ ترین معلومات حاصل کرنے کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔

NYCPS Families: اگر آپ اس خبرنامے کو مزید وصول نہیں کرنا چاہتے تو خارج ہونے کے لیے برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں.